ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (632)

مورخہ 27.11.2023

**بہاول پور(      )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات، تھانہ صدر حاصل پور اور تھانہ صدر یزمان پولیس کی سماج دشمن عناصر کے خلاف کامیاب کارروائیاں، ملزمان گرفتار۔شراب واسلحہ ناجائز برآمد۔جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائیگا، ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔شراب فروشوں کے خلاف کامیاب کارروائی عمل میں لاتے ہوئے تھانہ صدر حاصل پور پولیس نے ملزم ناصر محمود کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 25 لیٹر شراب برآمد کر لی۔جبکہ تھانہ صدر یزمان پولیس نے اسلحہ ناجائز رکھنے والے ملزم صفدر علی عرف شبو کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ رائفل 44 بور برآمد کر لیا۔گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کر دی۔اس موقع پر ڈی پی او سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرم جیسا بھی ہو قانون سے کسی صورت بچ نہیں سکتا، شراب، منشیات کے ساتھ ساتھ اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف جاری آپریشن کو مزید تیز کیا جا رہا ہے، معاشرے کو ایسے ناسور عناصر سے پاک کرنا پولیس کی اولین ترجیح ہے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات، تھانہ صدر حاصل پور اور تھانہ صدر یزمان پولیس کی سماج دشمن عناصر کے خلاف کامیاب کارروائیاں، ملزمان گرفتار۔شراب واسلحہ ناجائز برآمد

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ


پریس ریلیز(633)

مورخہ 27.11.2023

**بہاول پور ( )ڈی پی او سید محمد عباس کی کمانڈ میں بہاولپور پولیس کو جرائم پیشہ افراد کے خلاف کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری، تھانہ سول لائنز اور CIA سٹاف کی مشترکہ کارروائی، احسن بلوچ گینگ کا سرغنہ اپنے ساتھی سمیت گرفتار۔لاکھوں مالیت کے چوری شدہ موٹر سائیکل برآمد۔عوام الناس کو لوٹنے والے کسی رعائت کے مستحق نہیں،ڈی پی او**

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی کمانڈ میں شہریوں کو ریلیف مہیا کرنے کا سلسلہ جاری ہے۔تھانہ سول لائنز اور CIA سٹاف پولیس نے جدید ٹیکنالوجی کے استعمال اور موثر حکمت عملی سے اسپیشل ٹیمیں تشکیل دے کر موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث احسن بلوچ گینگ کے 02 کارندوں احسن بلوچ اور شہزاد کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے چوری شدہ لاکھوں روپے مالیتی 10 عدد موٹر سائیکل برآمد کر لیے۔گرفتار ملزمان سے مزید انٹیروگیشن جاری ہے،جلد گینگ کے باقی ساتھیوں کو بھی گرفتار کر لیا جائے گا۔ برآمدشدہ موٹر سائیکلز ضروری کارروائی کے بعد اصل مالکان کے حوالے کیئے جارہے ہیں۔ڈی پی او سید محمد عباس نے اس موقع پر بات کرتے ہوئے کہا کہ شہریوں کا لوٹا ہوا مال ریکور کرایا جارہا ہے تاکہ شہریوں کو زیادہ سے زیادہ ریلیف مہیا کیا جا سکے۔بہترین کارکردگی پر ڈی پی او سید محمد عباس نے تھانہ سول لائنز اور CIA سٹاف پولیس کو شاباش دی۔

ترجمان بہاولپور پولیس



بہاول پور: ڈی پی او سید محمد عباس کی کمانڈ میں تھانہ سول لائنز اور CIA سٹاف کی مشترکہ کارروائی، احسن بلوچ گینگ کا سرغنہ اپنے ساتھی سمیت گرفتار۔لاکھوں مالیت کے چوری شدہ موٹر سائیکل برآمد